# Maulana Azad National Urdu University

**M.A. (Translation Studies) III Semester Examination, January 2021**

**Paper : MATS302DST : Translation of Social Science, Administrative & Legal Text**

**پرچہ : سماجی علوم اور دفتری وقانونی متن کا ترجمہ**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

i. سلطنت آصف جاہی کے کس حکمران کے عہد حکومت میں اردو کو عدالتی اور سرکاری زبان کا درجہ حاصل تھا؟

(a) سکندر آصف جاہ ثالث (b) قمر الدین خاں نظام الملک آصف جاہ اول

(c) میر نظام علی خاں آصف جاہ ثانی (d) میر عثمان علی خاں بہادر آصف سابع

ii. Thesaurus تھسارس آلات ترجمہ میں شامل ہے۔

(a) صحیح ہے (b) غلط ہے (c) متروک ہے (d) نہیں معلوم

iii. سماجی علوم کے بہتر ترجموں کا دار و مدار:

(a) متبادل اصطلاحات پر ہوتا ہے (b) ترجمے کے اسلوب پر ہوتا ہے

(c) تشریحات پر ہوتا ہے (d) تمثیلات پر ہوتا ہے

iv. اردو کس ملک کی قومی سرکاری زبان ہے؟

(a) پاکستان (b) ہندوستان (c) سعودی عربیہ (d) ایران

v. قرآن کے پہلے مترجم کا کیا نام ہے؟

(a) اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی (b) حضرت مولانا اشرف علی تھانوی

(c) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی (d) شاہ رفیع الدین

vi. ''مقتدرہ قومی زبان'' کا موجودہ نام کیا ہے؟

(a) قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان (b) ادارۂ فروغ قومی زبان (c) ادارۂ ادبیات اردو (d) انجمن ترقی اردو

vii. کس صدر جمہوریہ ہند نے دستور ہند کا اردو میں ترجمہ کیا؟

(a) ڈاکٹر راجندر پرساد (b) ڈاکٹر ذاکر حسین (c) ڈاکٹر فخر الدین علی احمد (d) ڈاکٹر اے۔ پی۔ جے عبدالکلام

viii. انگریزی۔اردو پہلی قانونی لغت کے مؤلف کون تھے؟

(a) جان گلکرسٹ (b) کیپٹن ٹیلر (c) ولیم پیٹس (d) ڈاکٹر فالن

ix. انجیل مقدس کا پہلا اردو مترجم کون تھا؟

(a) ولیم کیری (b) سینٹ جیروم (c) ولیم ٹنڈیل (d) پادری بنجامن شلٹز

x. مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر قرآن کا کیا نام ہے؟

## حصہ دوم

2۔ دفتری تراجم میں حائل مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

3۔ سماجی علوم میں کون سے مضامین شامل ہیں اور ان کے ترجموں کے دوران کن خاص باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

4۔ سماجی علوم کی تفہیم تفسیر اور جانکاری میں تراجم نے کیا کردار ادا کیا؟

5۔ قانونی دستاویزات کے اردو تراجم پر نوٹ لکھیے۔

6۔ علمی ترجمے کے کیا اصول ہیں؟

7۔ نظم و نسق Adminstration سے کیا مراد ہے؟ نظم و نسق میں اردو ترجموں کی کیا ضرورت ہے؟

8۔ درج ذیل اردو اقتباس کا انگریزی میں ترجمہ کیجیے۔

’’حکومت نے پنجاب میں دو عوامی قائدین ڈاکٹر ستیہ پال اور ڈاکٹر سیف الدین کچلو کو گرفتار کرنے کا حکم دیا۔ جس کی وجہ سے امرتسر میں عوام میں شدید برہمی پیدا ہوئی اور حکومت کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے 13 اپریل 1919 کو کثیر تعداد میں لوگ جمع ہوئے۔ جلیان والا باغ ایک وسیع کھلی جگہ تھی وہ تین جانب بند تھی۔ صرف ایک ہی جانب داخلہ تھا۔ فوجی کمانڈر او ڈائر امرتسر کی عوام میں دہشت پیدا کرنا چاہتا تھا تاکہ وہ مکمل طور پر اطاعت کریں۔ ڈائر نے اپنے فوجی دستہ کے ساتھ جلیان والا باغ کو گھیر لیا۔ باب الداخلہ کو بھی بند کر دیا۔ اس کے بعد اپنے فوجی دستے کو حکم دیا کہ اپنی بندوقیں اور مشن گنوں سے جلسہ گاہ میں اکٹھا ہونے والے لوگوں پر گولیاں چلائیں۔ انہوں نے گولہ بارود ختم ہونے تک گولیاں چلائیں کم و بیش ایک ہزار لوگ ہلاک ہوئے اور کئی ہزار لوگ زخمی ہوئے۔‘‘

9۔ درج ذیل اقتباس کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

On the whole social justice agenda was accepted by the member. After constituting CAJ Jawaharlah Nehru moved Objectives Resolution setting nation's agenda for social justice. He stated that primarily objective was -social justice to emancipate the Depressed Classes socially, economically and politically. Root cause of this was in Objectives Resolution it was product of 1940s turn in people's movement it was a new dimension of nationalism. Religious tolerance and equality of all religions was the basic crux of the constitution. The events, movements and ideologies became part of the nationalism, the same entered into the constitution.

## حصہ سوم

10۔ اردو میں قرآن مجید کے تراجم کی روایت پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

11۔ اردو زبان میں اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کی مقدس کتابوں کے تراجم کی کیا صورت حال ہے؟

12۔ سماجی علوم کے تراجم میں اصطلاحات ایک اہم مسئلہ ہے۔ بحث کرتے ہوئے اپنی تجاویز پیش کیجیے۔

13۔ علمی کتب کے تراجم میں دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کے کردار پر اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

14۔ مذہبی متون کے ترجموں کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔